© rasailojaraid.com

خادم حسین

# زبان میری ہے بات ان کی

—— تعلیمی نصاب میں خاندانی منصوبہ بندی کا موضوع شامل کیا جائے گا۔ (عابدہ حسین)

گھر کی بات ہے "تعلیمی نصاب" میاں ہے اور "منصوبہ بندی" بیوی۔

—— شیطانی کتاب کا مترجم قتل ہو گیا۔ (ایک خبر)

شیطانی کاموں کا یہی حشر ہوتا ہے۔

—— بے نظیر نے جنہیں رہا کیا وہی تخریب کاری کر رہے ہیں۔ (اعجاز الحق)

بے نظیر لیڈر، بے مثال جیالے

—— وائیں بہشتی دروازے سے گزرے۔ (ایک خبر)

اس سے پنجاب کے بے گناہ لوگوں کا خون معاف نہیں ہو گا!

—— جنرل ارشاد کے بیٹے کا نام سکول سے کٹ گیا۔ بنگلہ دیش کے سابق حکمران کے خاندان کو غریبی نے گھیر لیا۔ (ایک خبر)

ہم نے کئی ایسے حکمرانوں کو کٹے ہوئے پتنگوں کی طرح کوٹھوں پہ پڑے ہوئے دیکھا ہے۔

—— اجرت مانگنے کی سزا۔ حجام نے تھانے میں چھتر کھائے، اور رشوت دے کر جان چھڑائی۔ (ایک خبر)

—— پولیس کے سلوک کے شکار کئی بے گناہ قیدی جیل میں ذہنی توازن کھو بیٹھے (روزنامہ خبر)

—— تھانے میں تین وقت کا کھانا مفت نہ بھیجا گیا تو کسی مقدمے میں پھنسا دیا جائے گا۔ (مقامی چرغہ ہاؤس۔ موڑ کھنڈا)

—— بچے کے اغواکی رپٹ لکھوانے کے لئے جانے والی ماں تھانے میں بے عزت ہو گئی۔ (روزنامہ خبر)

—— اچھرہ پولیس کہتی ہے شکایتوں سے باز آ جاؤ، ورنہ قتل کرا دیں گے۔ (مہر علی کی رٹ)

مسلم لیگ کی حکومت ہے بابا!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



——— امریکی تاریخ کا سب سے بڑا فراڈ۔ انشورنس کمپنیوں سے ایک ارب ڈالر ہتھیا لئے گئے (ایک خبر)

مغربی معاشرہ کو آئیڈیل کہنے والو شرم کرو!

——— وزیراعظم نے سیاست دانوں کے بارے میں نازیبا الفاظ استعمال کرکے ان کی توہین کی ہے (ترجمان پی پی پی پنجاب)

قاتلوں، چور اچکوں، لیٹرے لفنگوں، بدمعاشوں اور رستہ گیروں کے لئے کون سے الفاظ زیبا ہوتے ہیں جناب!

——— نسیم اختر سے کوئی تعلق نہیں وہ صرف میری فین ہے (جان شیر)

اور "فین" خوب ہوا دیتا ہوگا۔

——— دیور کی ہوس کا نشانہ بننے والی بھاوج ہسپتال میں چل بسی۔ (ایک خبر)

دیوث لوگوں کے نزدیک ایسی بات کوئی وزن نہیں رکھتی۔

——— کاغذات مکمل ہونے کے باوجود تھانیدار نے چالان کردیا۔ (ایک خبر)

جامنی یا سرخ رنگ کا کاغذ ان میں نہیں ہوگا۔

——— جنگ۔ ہماری غلطی تھی۔ (صدام کا اعتراف)

"ہائے! اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا"

——— ۴ ڈالر میں بچہ بیچ ڈالا۔ (ایک خبر)

غربت اور ممتا!

——— بدچلنی کے شبہ میں بیٹے نے ماں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ (ایک خبر)

غیرت اور بیٹا!

——— دوست کی بیوی کو اغوا کر لیا۔ ملزم کا دوست کے گھر آنا جانا تھا۔ (ایک خبر)

پردے کی مخالفت، مخلوط معاشرہ، بوائے فرینڈ

چھوپو، چھوپو، ہور چھوپو گئے۔

——— مصطفےٰ کھر پارٹیاں اور وفاداریاں بدلتے وقت "عدت" کے دن بھی پورے نہیں کرتے۔ (شیخ رشید)

اس قبیلے کا ہر پیر و جواں گستاخ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



— حج سے واپسی پر سندھ کے بدنام ڈاکو محب شیدی کو کراچی میں کئی لاکھ روپے کے نوٹوں کے ہار پہنائے گئے۔ اندرونِ سندھ تعمیراتی اداروں کے مالکان نے ڈاکو کو ایک کروڑ روپے نذرانہ پیش کیا۔ (ایک خبر)

قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس میں سے کتنا حصہ ملا ؟

— شرابی پولیس ملازم نے ہجوم پر فائرنگ کر دی۔ (ایک خبر)

زندہ باد ، قوم کے محافظ زندہ باد !

— پی آئی اے کے سات جنرل منیجر میٹرک پاس ہیں۔ (سینیٹ میں وقفۂ سوالات)

— سابقہ دور میں تین اے ایس آئی انڈر میٹرک بھرتی کئے گئے۔ (ایک خبر)

رشوت کے ذریعے عہدے دلانے والے افسر اور رشوت دینے والوں پر لعنت بے شمار۔ بیکار ثواب !

— زمیندار نے غنڈوں کی مدد سے غریب مستری کو برہنہ کر کے نجاست منہ پر باندھ دی۔ (ایک خبر)

— ملتان کے زمیندار نے ۱۲ سالہ ملازم کو قتل کر دیا۔ (ایک خبر)

خدایا یہ ظالم لٹیرے یوں ہی دندناتے رہیں گے۔

— "ٹُک مُکا ہو گیا" پشاور کسٹم ہاؤس سے چوری ہونے والے ۲۳ کلو سونے کا کیس داخل دفتر۔ "بڑے" صاف بچ گئے۔ (ایک خبر)

شکایت کنندہ کو پہلے ہی حصہ مل جاتا تو کیس تک نوبت نہ آتی۔

مولانا عبدالقادر آزاد سفر کے دوران شرارتیں کرتے رہے۔

(مفتی محمد حسین نعیمی)

۵ — خلافِ شرع شیخ تھوکتا بھی نہیں۔
مگر اندھیرے اجالے میں چوکتا بھی نہیں

© rasailojaraid.com